نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

30 نومبر 2010ء

برائے فوری اجراء

660/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی فوجی طیاروں نے پاکستان میں 40,000 سے زائد سیلاب زدگان کو محفوظ مقامات پر پہنچایا

اسلام آباد (30 نومبر 2010ء) ___ امریکی فوج کے طیاروں نے پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں کے سلسلہ میں 29 نومبر بروز سوموار ایک اہم سنگِ میل عبور کرلیا، وہ پانچ اگست سے پاکستان میں شروع کی جانے والی اپنی فضائی کارروائیوں کے دوران اب تک 40,000 سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر چکے ہیں۔

پاکستان میں امریکہ کے نائب دفاعی نمائندہ بریگیڈیئر جنرل مائیکل نگاٹا نے کہا کہ ''یہ نیا سنگِ میل سیلاب کے دوران امدادی کارروائیاں سرانجام دینے والے پاکستانی اور امریکی کارکنوں کے درمیان پائے جانے والے زبردست ٹیم ورک کی عکاسی کرتا ہے۔ پاک فوج، یو ایس ایڈ اور خوراک کے عالمی پروگرام ایسے اداروں کے ساتھ ہمارے حیران کن اشتراک کار اور معاونت سے ہم شمالی اور جنوبی علاقوں کے ملک بھر سے کٹے ہوئے لوگوں اور سیلاب زدہ آبادیوں کو اس آفت کی وجہ سے درپیش مشکلات میں کمی لانے کے قابل ہوئے"۔

اِس وقت امریکی فوج کے 18 ہیلی کاپٹرز اور تقریباً 350 اہلکار فضائی کارروائیاں سرانجام دے رہے ہیں۔ اب جب کہ شہری اداروں کی توجہ سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے جاری مسلسل کوششوں پر مرکوز ہے، حکومتِ پاکستان نے 30 نومبر امریکی فوج کی امدادی کارروائیوں کیلئے آخری تاریخ مقرر کی ہے۔

جنرل نگاٹا نے کہا کہ اب جب کہ حکومتِ پاکستان کی درخواست پر ہماری جانب سے فوجی ہیلی کاپٹروں پر مشتمل امداد اختتام پذیر ہے، حکومتِ امریکہ کے مختلف ادارے دوسرے طریقوں سے سیلاب زدہ علاقوں میں پاکستان کی اعانت جاری رکھیں گے۔ انسانی بنیادوں پر فضائی کارروائیوں کے علاوہ حکومتِ امریکہ سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد اور بحالی کیلئے پاکستان کو 571 ملین ڈالر سے زائد کی مالی اعانت بھی فراہم کر رہی ہے۔

###